Government of Pakistan
Cabinet Division
Special Technology Zones Authority

PRESS RELEASE

پلگ اینڈ پلے ٹیکنالوجی سینٹر کے وفد کا اسلام آباد میں اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی کا دورہ

19/01/2023 **اسلام آباد، پاکستان**

امریکہ میں قائم پلگ اینڈ پلے ٹیکنالوجی سینٹر کے ایک وفد نے حال ہی میں اسلام آباد میں اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (STZA) کے دفتر کا دورہ کیا تاکہ مقامی بانیوں اور کاروباری افراد سے رابطے قائم کیے جا سکیں۔ پلگ اینڈ پلے کے پروگرام منیجر ڈیلن پالاڈینو کی قیادت میں وفد نے پاکستان کے لیے اپنے منصوبے پیش کیے اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں ممکنہ تعاون اور ترقی کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔

اس سیشن میں متعدد پاکستانی انٹرپرینیورز، وائس چانسلرز، اسٹارٹ اپ کے بانیوں اور فنانشل اور ٹیک سیکٹر کے اداروں کے جدت طراز رہنماؤں نے شرکت کی، انہیں پلگ اینڈ پلے کی جانب سے پیش کردہ خدمات اور وسائل کے بارے میں جاننے کا موقع ملا، جس میں سرمایہ کاروں کے عالمی نیٹ ورک تک رسائی، رہنمائی اور تیزرفتاری پروگرام شامل ہیں۔ وفد نے پاکستان کے خطے میں جدت طرازی اور ٹیکنالوجی کا مرکز بننے کے امکانات پر بھی روشنی ڈالی۔

پلگ اینڈ پلے ٹیکنالوجی سینٹر کے پروگرام میجر ڈیلن پالاڈینو نے کہا کہ "ہم پاکستانی اسٹارٹ اپ کمیونٹی کے ساتھ منسلک ہونے اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں ترقی کے امکانات تلاش کرنے کے لئے پرجوش ہیں۔ پاکستان کے پاس ٹیلنٹ کی دولت موجود ہے اور ہمیں یقین ہے کہ مناسب وسائل اور حمایت کے ساتھ پاکستانی کاروباری افراد عالمی جدت طرازی رہنما بن سکتے ہیں۔"

اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی ایک سرکاری ادارہ ہے جو پاکستان میں اسپیشل ٹیکنالوجی زونز (STZA) کے فروغ اور ترقی اور لاسنسنگ کا ذمہ دار ہے۔ پلگ اینڈ پلے وفد کا یہ دورہ STZA کی غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور پاکستان میں ٹیکنالوجی کے شعبے کی ترقی میں مدد دینے کی کوششوں کا حصہ ہے۔

اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی کے چیف کمرشل آفیسر (CCO) جاوید اقبال نے کہا کہ "ہم پلگ اینڈ پلے وفد کے دورے کا خیرمقدم کرتے ہیں اور پاکستان میں ٹیکنالوجی کے شعبے کی ترقی میں مدد کے لئے مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ پلگ اینڈ پلے جیسی معروف ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ساتھ تعاون پاکستان میں جدت طرازی اور کاروبار کے فروغ کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔"

یہ دورہ پاکستان میں جدت طرازی اور ٹیکنالوجی کے ماحول کو فروغ دینے کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ STZA پاکستان کے ٹیکنالوجی کے شعبے کو فعال بنانے اور اس کی حمایت کرنے کے لئے بین الاقوامی شراکت داری قائم کرنے کے لئے پرعزم ہے تاکہ ملک میں تیز رفتار اقتصادی ترقی کو آسان بنایا جاسکے۔